23اپریل، 2012ء

رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران زرعی قرضوں کی فراہمی 17 فیصد اضافے کے ساتھ 197.361 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 9 ماہ (جولائی ۔مارچ) کے دوران بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں سالانہ بنیاد پر 17 فیصد کا اضافہ ہوا۔بینکوں نے رواں مالی سال (12-2011ء) کے پہلے 9 ماہ (جولائی ۔مارچ) کے دوران زرعی شعبے کو 197.361 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی شعبے کو 168.687 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے گئے تھے۔اس طرح اس عرصے کے دوران زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں 28.674 بلین روپے اضافہ ہوا۔

پانچ بڑے کمرشل بینکوں، جن میں الائیڈ بینک لمیٹڈ (ABL)، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان (NBP) اور یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ (UBL) شامل ہیں، کی جانب سے رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ (جولائی ۔مارچ 2012ء) کے دوران مجموعی طور پر 107.640 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے گئے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران ان پانچ بینکوں نے زرعی شعبے کو 93.268 بلین روپے کے قرضے فراہم کیے تھے۔اس طرح ان پانچ بڑے کمرشل بینکوں کی جانب سے زرعی شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں جولائی ۔مارچ 2012ء کے دوران 14.372 بلین روپے یا 15.41 فیصد اضافہ ہوا۔

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (ZTBL) جو سب سے بڑا اسپیشلائز ڈ بینک ہے، نے رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران 37.844 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے 37.371 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے،اس طرح زرعی ترقیاتی بینک نے 1.26 فیصد زیادہ زرعی قرضے جاری کیے۔رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) کی جانب سے زرعی قرضوں کی فراہمی 6.012 بلین روپے رہی جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے کے دوران پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے 4.394 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے،اس طرح پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ (PPCBL) نے اس عرصے میں 36.82 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے۔

14 ملکی نجی بینکوں (DPBs) نے رواں مالی سال کے پہلے 9 ماہ کے دوران 37.338 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے جبکہ گذشتہ مالی سال کے ابتدائی 9 ماہ کے دوران ان بینکوں نے 33.654 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے تھے، یوں ان بینکوں کی جانب سے اس عرصے کے دوران 10.95 فیصد زیادہ زرعی قرضے فراہم کیے گئے۔

خوشحالی بینک لمیٹڈ، این آر ایس پی مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ، دی فرسٹ مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ، پاک اومان مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ اور تعمیر مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ سمیت پانچ مائیکروفنانس بینکوں نے جولائی ۔مارچ 2012ء کے دوران مجموعی طور پر 8.527 بلین روپے کے زرعی قرضے فراہم کیے۔

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے پہلی مرتبہ مائیکرو فنانس بینکوں کو رواں مالی سال کے لئے زرعی شعبے کو 12.20 بلین روپے کے قرضوں کی فراہمی کا مجوزہ ہدف دیا ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رواں مالی سال کے لئے زرعی قرضوں کی فراہمی کا 285 بلین روپے ہدف تجویز کیا ہے۔

[☆☆☆]